سوال

(468)مال مستفاد میں حق مؤقف کیا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مال مستفاد میں حق مؤقف کیا ہے ؟اس کی زکوٰۃ کس طرح ہوگی ؟

(۲)...مال مستفاد کی عربی اور اُردو میں تعریف تحریر فرمائیں اور ساتھ ہی تفصیل ۔

(محمد یٰسین ، مدرس ابوہریرہ اکیڈمی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مال مستفاد میں حق موقف ہے کہ اگر وہ پہلے صاحب نصاب ہے تو مال مستفاد کو نصاب میں ملا کر زکوٰۃ ادا کرلے اور اگر مال مستفاد آنے سے صاحب نصاب بنا ہے تو مال مستفاد کے آنے کی تاریخ سے سال بعد زکوٰۃ ادا کرے ۔

(۲)...ما استفادہ الرجل أثناء السنة من المیراث أوالصبة أوغیر ذلک ۔

جس مال کو انسان دورانِ سال میراث ہبہ وغیرہ سے حاصل کرتا ہے وہ مال مستفاد ہے ۔ ۲۳ ۶ ۱۴۲۳ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص407